www.PapaCambridge.com

Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2014**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگرآپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز ، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جاسکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے ، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے ۔آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔
اپنے جواب اردو میں لکھیں۔
آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کردیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (AC/JF) 82556/2
© UCLES 2014

CAMBRIDGE International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

1 *Ghazlein*

### ا۔ غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

دلِ ناداں تجھے ہوا کیا ہے
آخر اس درد کی دوا کیا ہے

ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یا الٰہی یہ ماجرا کیا ہے

میں بھی منہ میں زبان رکھتا ہوں
کاش پوچھو کہ مدّعا کیا ہے

جب کہ تجھ بِن نہیں کوئی موجود
پھر یہ ہنگامہ اے خدا کیا ہے

ہم کو ان سے وفا کی ہے امید
جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

(غالبؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار میں سے جو دو اشعار آپ کو زیادہ پسند ہوں ان کی تشریح کیجیے۔ اور یہ بتائیں کہ یہ آپ کو کیوں پسند ہیں۔

(ii) اس غزل کی روشنی میں غالبؔ کی شاعرانہ خصوصیات پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) دردؔ کے بہت سے اشعار ایسے ہیں جن سے حقیقی اور مجازی عشق کے دونوں پہلو نکلتے معلوم ہوتے ہیں۔ آپ کے خیال میں ان کی شاعری میں کون سا پہلو نمایاں ہے۔ بحث کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

www.PapaCambridge.com

**2** *Nazmein*

## نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

نثار میں تیری گلیوں کے اے وطن کہ جہاں
چلی ہے رسم کہ کوئی نہ سر اٹھا کے چلے
جو کوئی چاہنے والا طواف کو نکلے
نظر چرا کے چلے، جسم و جاں بچا کے چلے

ہے اہلِ دل کے لیے اب یہ نظمِ بست و کشاد
کہ سنگ و خشت مقیّد ہیں اور سگ آزاد

بہت ہے ظلم کے دستِ بہانہ جُو کے لیے
جو چند اہلِ جنوں تیرے نام لیوا ہیں
بنے ہیں اہلِ ہوس، مدعی بھی، مُنصف بھی
کسے وکیل کریں، کس سے منصفی چاہیں

مگر گزارنے والوں کے دن گزرتے ہیں
ترے فراق میں یوں صبح و شام کرتے ہیں
(فیضؔ)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) آزادی کے بارے میں شاعر کے خیالات سے آپ کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟ مندرجہ بالا نظم کی روشنی میں اپنی رائے کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) کیا نظیرؔ کو موجودہ دور کا شاعر کہا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

[25]

© UCLES 2014

**3** *Nazmein*

# ۳۔ نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

سوچتا ہوں کہ بہت سادہ و معصوم ہے وہ
میں ابھی اس کو شناسائے محبت نہ کروں
روح کو اس کی اسیرِ غمِ اُلفت نہ کروں
اس کو رسوا نہ کروں، وقفِ مصیبت نہ کروں

سوچتا ہوں کہ ابھی رنج سے آزاد ہے وہ
واقفِ درد نہیں، خُوگرِ آلام نہیں
سحرِ عیش میں اس کی اثرِ شام نہیں
زندگی اس کے لیے زہر بھرا جام نہیں!

(ن م راشدؔ)

(i) مندرجہ بالا نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

(ii) کیا یہ نظم راشدؔ کے مخصوص اندازِ بیان کی ترجمانی کرتی ہے؟ اپنا جواب تفصیل سے لکھیے۔

یا

(ب) ’’ مجازؔ کی شاعری جذبات و احساسات کی شاعری ہے۔‘‘ بحث کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(الف) دلاور، خانم یا کوٹھوں پر جانے والے مرد حضرات۔ان میں سے کون معاشرے میں برائی پھیلانے کا زیادہ ذمّہ دار ہے؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

یا

(ب) امراؤ جان اگر بے قصور تھی تو اس کے بھائی نے اسے اپنانے سے کیوں انکار کر دیا؟ کیا اس کے بھائی کا فیصلہ درست تھا؟ تفصیل سے لکھیے۔

[25]

**5** *Afsané*

### ۵۔افسانے

(الف) آپ مہالکشمی کے پل کے دائیں طرف ہیں یا بائیں طرف؟ وجوہات دے کر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

یا

(ب) ''افسانہ کفن میں مادھو اور گھیسو کے کردار محنت سے جی چرانے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔'' بحث کیجیے۔

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی، امتیاز علی تاج

(الف) ''دلآرام نے محبت میں قربانی دینے کے بجائے اپنا حق حاصل کرنے کی کوشش کی۔'' کیا آپ اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟ تفصیل سے جواب دیجیے۔

یا

(ب) ''وہ بزدل ہیں جو اپنی محبت قربان کر دیتے ہیں۔'' ڈرامہ انارکلی کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2014

BLANK PAGE

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2014

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2014

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 © Dr Ali Mohammed Khan; *Sheri Adab*; Karwan Book House; May 2010.
Question 2 © Dr Ali Mohammed Khan; *Sheri Adab*; Karwan Book House; May 2010.
Question 3 © N M Rashid; *Kulliat-E-Rashid*; Ma Wara Publisher.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2014